# 7841 ـ كيا عورت مسجد كے باہر خيمہ ميں ہى امام كى اقتدا كر سكتى ہے ؟

**سوال**

بعض مساجد ميں عورتوں كى ادائيگى نماز كے ليے مسجد كے باہر اضافى جگہ ہوتى كيونكہ عورتيں اپنے ساتھ بچوں كو لاتى ہيں جو نمازيوں كو شور سے تنگ كرتے ہيں اس ليے مسجد كى پاركنگ ميں خيمہ لگا ديا جاتا ہے مسجد اور خيمہ كے مابين يا تو سيڑھياں، يا پھر چھوٹى سے گلى ہوتى ہے اور خيمہ ميں لاؤڈ سپيكر لگا ديا جاتا ہے، اس خيمہ ميں عورت كى نماز كا حكم كيا ہے ؟

**پسنديدہ جواب**

الحمد للہ.

ہم نے مندرجہ بالا سوال فضيلة الشيخ محمد بن صالح العثيمين رحمہ اللہ تعالى كے سامنے پيش كيا تو ان كا جواب تھا:

" ضرورت كے بغير مسجد سے باہر نماز ادا كرنا جائز نہيں، اور يہ ضرورت نہيں ہے، اور عورتوں كو يہ كہا جائے كہ عورتيں اپنے ساتھ شور كرنے والے بچوں كو بالكل نہ لائيں، كيونكہ يہ لوگوں كو تنگ كرتے ہيں يا وہ بغير كسى ضرورت كے مسجد سے باہر نماز ادا كريں، چنانچہ مسجد كے باہر خيمہ نصب نہ كيا جائے.

واللہ اعلم .